9812552-2

1. "نو طرزِ مرصع" کس کی کتاب ہے ؟
(a) میر امن دہلوی (b) میر حسین عطا تحسین
(c) رجب علی بیگ سرور (d) شاہ عبد القادر

2. "خوشیوں کا باغ" کا تعلق کس صنف ادب سے ہے ؟
(a) داستان (b) ناول
(c) افسانہ (d) خاکہ

3. ذیل میں کون سی کتاب اردو کی نثری داستان نہیں ہے ؟
(a) سب رس (b) ذات شریف
(c) فسانۂ عجائب (d) باغ و بہار

4. میر امن نے کس "درویش کی سیر" میں بہزاد خاں کا کردار پیش کیا ہے ؟
(a) سیر دوسرے درویش کی (b) سیر چوتھے درویش کی
(c) سیر پہلے درویش کی (d) سیر تیسرے درویش کی

5. مندرجہ ذیل میں سے کس نے جانوروں کے شکار سے متعلق افسانے لکھے ؟
(a) ابو الفضل صدیقی (b) سید رفیق حسین
(c) ضمیر الدین احمد (d) بلونت سنگھ

6. مدن کس افسانے کا کردار ہے ؟
(a) اپنے دکھ مجھے دے دو (b) بڑے گھر کی بیٹی
(c) چوتھی کا جوڑا (d) نیا قانون

7. "ہاتھ ہمارے قلم ہوئے" یہ کتاب کس کی ہے ؟
(a) کرشن چندر (b) فیض احمد فیض
(c) راجندر سنگھ بیدی (d) سجاد ظہیر

8. منٹو کا افسانہ "ممّد بھائی" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے ؟
(a) بانجھ (b) کالی شلوار
(c) ٹھنڈا گوشت (d) سرکنڈوں کے پیچھے

9. بیدی کا افسانہ "گرم کوٹ" ان کے کس مجموعے میں شامل ہے ؟
(a) مکتی بودھ (b) اپنے دکھ مجھے دے دو
(c) گرہن (d) دانہ و دام

Scanned with CamScanner

98125552-3

10. 'مثنویات شوق' کا مرتب کون ہے ؟

(a) مالک رام (b) امتیاز علی خاں عرشی

(c) حنیف نقوی (d) رشید حسن خاں

11. احساس جب الفاظ کا جامہ پہن لیتا ہے تو شعر بن جاتا ہے۔ یہ کس نقاد کا قول ہے

(a) آل احمد سرور (b) مجنوں گورکھپوری

(c) شبلی نعمانی (d) حالی

12. گلشن بے خار کا مؤلف کون ہے

(a) مصطفیٰ خاں شیفتہ (b) مولوی کریم الدین

(c) قطب الدین باطن (d) میر حسن

13. "اردو کھڑی اور ہریانوی سے نکلی" یہ کس کا نظریہ ہے ؟

(a) محی الدین قادری زور (b) شوکت سبز واری

(c) مسعود حسین خاں (d) محمود شیرانی

14. امیر خسرو نے اپنی مثنوی "نہ سپہر" میں ہندوستان کی کتنی زبانوں کے نام شمار کرائے ہیں ؟

(a) بارہ (b) آٹھ

(c) پندرہ (d) نو

15. "بکٹ کہانی کی زبان عہد اکبری کی کھڑی بولی کا وہ روپ ہے جو دہلی اور اس کے نواح سے نکل کر برج ، اودھی اور ہریانوی کے علاقوں میں پھیل چکا تھا" یہ قول کس کا ہے :

(a) شوکت سبزواری (b) مسعود حسین خاں

(c) حافظ محمود شیرانی (d) محی الدین قادری زور

16. حالی کے نزدیک کون سی صنف سخن سب سے زیادہ مفید اور کارآمد ہے ؟

(a) مثنوی (b) غزل

(c) قصیدہ (d) مرثیہ

17. درج ذیل میں سے صحیح زمانی ترتیب کے شعراء کی نشاندہی کیجئے۔

(a) ولی — غالب — میر — اقبال

(b) غالب — سودا — سراج — داغ

(c) قلی قطب شاہ — فیض — ابن نشاطی — وجہی

(d) حاتم — میر حسن — مصحفی — ذوق



Scanned with CamScanner

98125524

18. رجز کا تعلق کس صنف سخن سے ہے ؟

(a) رباعی (b) قطعہ

(c) مثنوی (d). مرثیہ

19. "زہر عشق" کس کی مثنوی ہے ؟

(a). مرزا شوق (b) جمیل مظہری

(c) ملا وجہی (d) دیا شنکر نسیم

20. مرزا دبیر کے استاد کون تھے ؟

(a). میر ضمیر (b) میر انیس

(c) سودا (d) میر تقی میر

21. "مرزا دبیر کے کلام میں وہ فصاحت اور شستگی نہیں جو میر انیس کے کلام میں ہے "- یہ کس کا قول ہے ؟

(a) قاضی عبد الودود (b) رشید احمد صدیقی

(c) مشتاق یوسفی (d). شبلی نعمانی

22. "اردو کے اہم ترین قصیدہ گو" کی حیثیت کسے حاصل ہے ؟

(a). سودا (b) غالب

(c) انشا (d) مومن

23. نقش ، کاغذی پیرہن اور شوخیِ تحریر جیسے الفاظ کس شاعر کے یہاں ایک شعر میں آئے ہیں-

(a) مومن (b) میر

(c) سودا (d). غالب

24. غالب نے کلکتہ کا سفر کس واسطے کیا تھا؟

(a). پنشن کے مقدمہ کی پیروی (b) شادی میں شرکت

(c) مشاعرہ میں شرکت (d) فورٹ ولیم کالج میں ملازمت

25. کس مثنوی میں رعایت لفظی کا خاص اہتمام کیا گیا ہے ؟

(a) سحر البیان (b) گلزار نسیم

(c) زہر عشق (d) بہار عشق



Scanned with CamScanner

9812552-5

26. شاعری کے سلسلے میں کس نقاد نے محاکات اور تخیل کی اہمیت پر سب سے زیادہ زور دیا :

(a) اختر حسین رائے پوری (b) شبلی نعمانی

(c) حالی (d) امداد امام اثر

27. سودا اور ذوق نے فارسی کے کس قصیدہ گو سے متاثر ہو کر اپنے قصائد میں بکثرت علمی اصطلاحات استعمال کی ہیں؟

(a) سعدی (b) عرفی

(c) خاقانی (d) صائب

28. درج ذیل میں سے کون داغ دہلوی کا شاگرد نہیں ہے ؟

(a) شاہد احمد دہلوی (b) احسن مارہروی

(c) بیخود دہلوی (d) نوح ناروی

29. ان میں سے کون سی نظم ن-م- راشد کی ہے ؟

(a) کلرک کا نغمۂ محبت (b) سباویراں

(c) لندن کی ایک شام (d) تنہائی

30. "ارمغان حجاز" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(a) نظیر اکبر آبادی (b) جوش ملیح آبادی

(c) اقبال (d) فیض

31. ان میں سے کون سا تذکرہ غلام ہمدانی مصحفی کا لکھا ہوا ہے ؟

(a) تذکرۂ ہندی (b) رموز الشعرا

(c) گلشن ہند (d) مجموعۂ نغز

32. شاعری کے سلسلے میں سادگی ، اصلیت اور جوش کو کس نقاد نے ضروری قرار دیا ہے ؟

(a) شبلی نعمانی (b) الطاف حسین حالی

(c) سید احتشام حسین (d) محمد حسین آزاد

33. اشرف صبوحی کا شمار اردو کے بہترین :

(a) افسانہ نگاروں میں ہوتا ہے (b) خاکہ نگاروں میں ہوتا ہے

(c) انشائیہ نگاروں میں ہوتا ہے (d) ناول نگاروں میں ہوتا ہے

34. "گنج ہائے گراں مایہ" کس کی تصنیف ہے ؟

(a) پطرس بخاری (b) نیاز فتحپوری

(c) رشید احمد صدیقی (d) مشتاق یوسفی



Scanned with CamScanner

9812552-6

35. "حیات جاوید" میں کس کے سوانحی حالات بیان ہوئے ہیں ؟

(a) غالب
(b) سعدی
(c) سرسید
(d) مولوی ذکاء اللہ

36. کلیم کس ناول کا کردار ہے ؟

(a) شریف زادہ
(b) مرآۃ العروس
(c) فردوس بریں
(d) توبۃ النصوح

37. بشن سنگھ کس افسانے کا کردار ہے ؟

(a) مہالکشمی کا پل
(b) ٹوبہ ٹیک سنگھ
(c) کفن
(d) آخری کوشش

38. مندرجہ ذیل جملے کس مشہور ناول نگار کے ناول سے لیے گئے ہیں ؟

"وہ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے گھاٹ پر پہنچے وہاں بھی سناٹا تھا۔ گھاٹ آثار قدیمہ کے کھنڈر کی طرح شکستہ تھا۔ اس کا ایک حصہ دریا کی طغیانیوں سے کٹ کٹ کر منہدم ہوچکا تھا"۔

(a) قرۃ العین حیدر
(b) شوکت صدیقی
(c) عبد اللہ حسین
(d) عزیز احمد

39. افراسیاب کا معبود کون تھا ؟

(a) غراب صف شکن
(b) لقا
(c) اکوان تاج دار
(d) کوکب

40. طلسم ہوش ربا۔ جلد پنجم، حصہ دو مطبوعہ نول کشور پریس، کس کی تصنیف ہے ؟

(a) امیر حمزہ
(b) احمد حسین قمر
(c) میر امن
(d) خواجہ امان

Scanned with CamScanner